الحنفیؒ المتوفی ۱۲۹۸ھ کی شرح العقیدۃ الطحاویۃ ایک نایاب موتی کی حیثیت رکھتا ہے۔ زمزم پبلشرز کراچی نے اس کو شیخ محمد مطیع الحافظ اور محمد ریاض المالح کی تحقیق و تعلیق کے ساتھ شائع کر کے اہل علم پر بڑا ہی احسان کیا۔ اللہ تعالیٰ ادارہ کو مزید اس قسم کے نایاب کتابوں کی اشاعت کی توفیق عطا فرمائیں۔

نام کتاب: حیات ابن مریم علیہ السلام　　ترجمانی: مولانا ابوطلحہ محمد صغیر استاد معہد الانوار دیوبند

ضخامت: ۴۴۰ صفحات　　قیمت: ۲۴۰/- روپے　　ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

امام العصر، استاد العلماء خاتم المحدثین والفقہاء حضرت العلامہ مولانا شاہ محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ کی تبحر علمی اور عبقریت ایک مسلمہ حقیقت ہے، علوم و معارف اور ذہانت میں آپؒ کا کوئی ثانی نہ تھا، درس و تدریس کے ساتھ آپؒ نے احیاء ختم نبوت میں بھی جو کردار ادا کیا ہے وہ بھی کسی پر مخفی نہیں، مرزا غلام احمد دجال کا تعاقب کوئی آسان نہ تھا، اس کی بعض الحادی دعوے اور تحریفات ایسی تھیں۔ جن کا جواب علماء کرام کے لئے ایک چیلنج تھا، حضرت علامہ انور شاہؒ نے دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ سے ان کا جواب دے کر اس فتنہ کا قلع قمع کیا اور لوگوں پر ان کا دجل و فریب آشکار کیا بلکہ بہاولپور کی عدالت میں اس کے الحاد اور کفر کے سینکڑوں دلائل پیش کر کے عدالت کو اس کے کفر کا فیصلہ کرنے پر مجبور کیا۔ دوسری طرف آپؒ نے اس فتنے کے خلاف علماء کرام کو مسلح کرنے کے لئے مختلف کتابیں تصنیف فرمائیں۔ ان کتابوں میں ایک عقیدۃ الاسلام فی حیات عیسیٰؑ بھی ہے یہ کتاب دراصل عربی زبان میں ہے، چونکہ علامہ صاحبؒ ایک بلا ساحل سمندر تھے آپ کے علوم کا احاطہ کرنا ہر ایک کی بس کی بات کام نہیں تھی۔ اس لئے اس مشکل کی وجہ سے اس کتاب سے استفادہ محدود ہو کر رہ گیا تھا۔ علامہ صاحبؒ کے چشم و چراغ علامہ انظر شاہ صاحب کشمیری مدظلہ کی زیر نگرانی مولانا محمد صغیر صاحب (پرتاپ گڑھی) نے اس عظیم المرتبہ کتاب کی تسہیل اور ترجمانی کی اور ہر خاص و عام کے فائدہ کیلئے اردو زبان میں ڈالا جس کو ادارہ زمزم پبلشرز کراچی نے عمدہ کاغذ اور بہترین لمونیشن جلد میں شائع کر کے ہر خاص و عام پر احسان فرمایا۔ علامہ صاحبؒ کی ہر کتاب تمام کتب خانوں کے لئے جزء لاینفک کی حیثیت رکھتا ہے۔

نام کتاب: آئینہ اصول حدیث (دو حصے)　　مؤلف: مولانا مفتی محمد انعام الحق قاسمی، دار العلوم عالیپور گجرات انڈیا

قیمت: حصہ اول: ۴۵ روپے۔ حصہ دوم: ۸۰ روپے　　ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

احادیث مبارکہ کے مقام استدلال جاننے کے لئے اصول حدیث کا علم حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے، یہ فن جتنا مشکل ہے اتنا نصاب تعلیم میں اس لحاظ سے شامل کتاب بہت ہی کم ہے۔ اور اس کتاب کی تدریس بھی عموماً سرسری طور پر ہوتی ہے، اس لئے تدریس اور مطالعہ کیلئے آسان اور عام فہم الفاظ میں اصول حدیث کی اصطلاحات اور ضروری